28مارچ2019ء

**اسٹیٹ بینک نے زرمبادلہ کے امور میں سہولت کے لیے ڈیسک قائم کردی**

بینک دولت پاکستان نے ملٹی نیشنل کمپنیوں اور ملکی کاروباری اداروں سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کی مدد کی خاطر زرمبادلہ سے متعلق سوالات کا جواب دینے کے لیے ایک ڈیسک قائم کی ہے۔

یہ ڈیسک ایکویٹی کی رجسٹریشن، قرضوں کے معاہدوں، منافع کی بیرون ملک منتقلی، رائلٹی کی تصدیق اور منظوری، فرنچائز، تکنیکی اور انتظامی خدمات، تربیت اور ترقیاتی فیس، آپریشنل اور دیکھ بھال کے چارجز، فضائی کمپنیوں کے لیز رینٹلز / دیکھ بھال ریزروز، قانونی اور مشاورتی خدمات، ویزا اور قونصلیٹ فیس، ضمانتیں جاری کرنے اور تیار لیٹر آف کریڈٹس اور زرمبادلہ سے متعلق کسی بھی قسم کے معاملات سمیت زرمبادلہ کے امور پر معاونت فراہم کرے گی۔

بینکوں کو بھی ہدایت کی گئی ہے کہ وہ ہر قسم کے لین دین کی پروسیسنگ اور جانچ پڑتال کے لیے بینچ مارکس وضع کریں اور ان پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔ یہ ڈیسک فارن ایکس چینج آپریشنز ڈپارٹمنٹ، بینکنگ سروسز کارپوریشن آئی آئی چندریگر روڈ کراچی پر قائم کی گئی ہے اور ای میل ایڈریس facilitation.FX@sbp.org.pk کے ذریعے یا فون نمبروں 021-32455387, 021-32455399 یا فیکس نمبر 021-99221015 کے ذریعے اس سہولت تک رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔

***********